**21/03/2025**

**07.40 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائینز**

**جموں کشمیرمیں NDA کے دور اقتدار میں دہشت گردی کے واقعات میں ہونے والی اموات میں 70فیصد کمی درج // راجیہ سبھامیں وزیر داخلہ کا بیان۔**

***........بھار ت کی بائیو اکانومی میں 16گنا ترقی درج //مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ ۔**

***........جموں کشمیر میں روایتی جوش و خروش کے ساتھ آج منایاگیانو روز عالم //وادی میں موسم بہار کی آمد۔**

**اور**

***........رمضان المبارک کے عشرہ**

---

**مغفرت اختتام پر مساجد میں اعتکاف کا اہتمام ۔ ۂ**

**امت شاہ**

**وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار نے دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس اپنائی ہے۔ آج راجیہ سبھامیں وزارت داخلہ کے کام کاج سے متعلق ہوئی بحث کا جواب دیتے ہوئے انہوننے کہاکہ جموں کشمیر میں NDA کے دور اقتدار کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں ہونے والی اموات میں 70فیصد کمی درج کی گئی ہے۔ امت شاہ نے کہاکہ دفعہ370کو منسوخ کرکے سرکار نے عوام کی امنگوں کو پورا کیا ۔انہوں نے کہاکہ اُوڑی اور پلوامہ حملوں کے محض دس دن بعد پاکستان پر سرجیکل سٹرائیک کی گئی ۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ نریندرمودی کی سربراہی والی سرکار نے اس قسم کے چلینجوں کا ڈٹ کر سامنا کیاہے ۔**

**جتندر سنگھ**

**سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کی بائیو اکانومی میں سولہ گناترقی درج ہوئی ہے اور یہ ملک کی مجموعی گھریلو پیدا وار کا چار اعشاریہ دو پانچ فیصد ہے۔**

**ان باتونکا اظہار انہوننے آج بائیو ٹیکنالوجی انڈسٹری ریسرچ اسسٹنس کونسل کے 13ویں یوم تاسیس کے موقعے پر انڈیا بائیواکانومی رپورٹ جاری کرنے کے موقعے پر کیا۔**

**نو روز**

**آج نو روز عالم کی تقریب روایتی جو ش وخروش کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔کشمیر میننو روزکے موقعے پر ہی موسم بہار کا آغاز ہوتا ہے ، اور موسم بہار کی آمد کے ساتھ ہی وادی میں سیاحوں کی آمد میں نمایاں اضافہ ہوجاتا ہے اور ہر سو چہل پہل دیکھی جاتی ہے ۔ باغ بغیچوں میں رنگ بہ رنگی اور طرح طرح کے پھول کھلتے**

ہینجبکہ کھیت کھلیانوں میں ہر سو ہریالی ہی ہریالی نظر آجاتی ہے۔نو روز فارسی کلینڈر کا آغاز بھی ہے ۔ یہ دن مختلف مذاہب اور ثقافتی پس منظر رکھنے والے لوگوں کی طرف سے امن و خوشحالی کے جذبے کو تازہ دم کرنے کی سمت میں کام کرنے کیلئے بھی متحد کرتا ہے ۔

جموں کشمیر میں بھی نو روز عالم روایتی جوش و خروش کے ساتھ منایاجا رہا ہے اور یہ دن شعیہ برادری کے لوگوں کیلئے خاص اہمیت رکھتاہے ۔ اس تعلق سے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے ذاکر علی محمد قاسمی نے بتایا۔

شجر کاری

یہ دن شجر کاری کے عالمی دن کے طور پر بھی منایا جاتا ہے اور لوگ بڑھ چڑھ کر پودے لگانے اور کاشتکاری میں جُٹ جاتے ہیں۔

شجر کاری کے پہلو کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر نے جب چیف کنزر ویٹر آف فارسٹس کشمیر عرفان رسول وانی سے بات کی ، تو انہوننے انسانی بقاءکیلئے جنگلات کی اہمیت پر یوں روشنی ڈالی ۔

انٹرو

آج نسلی امتیاز کے خاتمے کا بین الاقوامی دن ہے۔اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 1965میں ہر طرح کی کے نسلی امتیاز کو ختم کرنے کا عزم ظاہر کیا تھا۔

اس حوالے سے پیش ہے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر کی یہ رپورٹ۔

رمضان

آج رمضان المبارک کی 20تاریخ ہے ۔ یہ دن تاریخ اسلام میں فتح مکہ کی مناسبت سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے ۔ جمعیت ہمدانیہ کے اہتمام سے آج وادی کی کئی مساجد اور خانقاہونمیں دینی اجتماعات منعقد ہوئے جس دوران علماءنے فتح مکہ کے سماجی پیغام بیان کئے ۔

فتح مکہ کے سماجی پیغام کے بارے میں جب ہم نے معروف عالم دین مولانا ارشاد احمد تانترے المدنی سے استفسار کیا ، تو انہوں نے کہا۔۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور نیشنل کانفرنس کے صدر فاروق عبداللہ نے لوگوں کو فتح مکہ کی مناسبت سے مبارکباد دی ہے ۔

شاعری

آج شاعری کا بھی عالمی دن ہے ۔شاعر لوگ زمانہ قدیم سے ہی دنیا کے ہر کونے میں شاعری کرتے آئے ہیں اور وہ سماجی ، تواریخی ، مذہبی ، حب الوطنی اور دیگر گوناگوں موضوعات کو اپنی شاعری میں جگہ دیتے آئے ہیں۔ یہ دن ہمیں شعرائے کرام کی تخلیقی صلاحیتوں کے اعتراف میں ان کی عزت افزائی کیلئے منایاجاتا ہے ۔اس دن کی مناسبت سے معروف شاعر اور ساہیتہ اکیڈمی نئی دلی کے کنونیر پروفیسر شاد رمضان نے شاعرانہ انداز میناپنے خیالات کا یوں اظہار کیا ۔

جموں سے ڈوگری زبان کے ایک سرکردہ شاعر رندھیر سنگھ رائے پوریہ نے اپنے خیالات کا اظہار کچھ یوں کیا ۔

ادھر معروف براڈ کاسٹر اور سرکردہ شاعر ڈاکٹر ستیش ومل نے ان اشعار کی صور ت میں اپنے خیالات ظاہر کئے ۔

محفل نعت

ادھر عالمی یوم شاعری کے موقعے پردودھ پتھری کلچرل فورم بڈگام اور شیخ العالم گورنمنٹ ڈگری کالج بڈگام کے باہمی اشتراک سے آج ایک محفل نعت کاانعقاد کیا گیا۔

محفل کی صدارت کالج کے پرنسپل ڈاکٹر محمدامین ملک نے کی جبکہ اس موقعے پر فیاض تلگامی ، شہناز رشید،ڈاکٹر ماہ جبین نبی کے علاوہ دیگر کئی سرکردہ شعراءکرام موجود تھے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

سنڈروم

سے متعلق عالمی دن ہے۔یہ ایک ایسی بیماری میں جس میں کسی فرد کے جسم Down Syndrom آج ایک اضافی جین بن جاتا ہے۔ماہرین کا ماننا ہے کہ شادی میں تا خیر بھی اس بیماری Chromosomeمیں21ویں کے اہم وجوہات میں سے ایک ہے ۔

اس موضوع پر ہم نے جب گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کے شعبہ اطفال میں پروفیسر ڈاکٹرشیخ مشتاق احمد سے بات کی تو انہوننے کہا ۔

درخشان

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندابی نے آج راجوری کا دورہ کرکے وہاں وقف بورڈ کے زیر انتظام جاری کئی تعمیراتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر انہوننے کہا کہ وقف بورڈ کے کام کاج میں شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنایاگیا ہے۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم نے دور درشن نیو ز سرینگر میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر شبیر احمد ڈار سے بات کی تو انہوننے کہا ۔

پولیس

پولیس نے منشیات مخالف کارروائی جاری رکھتے ہوئے طارق احمد لون ساکنہ سٹکی پورہ اننت ناگ اور گلزار احمد راتھرساکنہ بجبہاڑہ نامی دو بد نام زمانہ منشیات فروشوں کی 75لاکھ روپے مالیت کی جائیداد قرق کی ہے۔

اس دوران پولیس نے منشیات کے کاروبار میں ملوث اشفاق احمدمیر ساکنہ سرہامہ اننت ناگ اور غلام نبی وگے ساکنہ گنڈی پورہ قاضی گنڈ کو گرفتار کیاہے۔

بھارتیہ جنتا پارٹی جموں کشمیرکے ترجمان جی ایل رینا اور ڈاکٹر ابھیجیت جسٹرویہ نے جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کی کارروائی میں کچھ ممبران کی جانب سے بقول ان کے رخنہ ڈالنے پر اعتراض جتایاہے ۔ایک پریس

کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ یہ ممبران عوامی مفاد ات کو پس پشت ڈال کرسرکاری خزانے کو نقصان پہنچا رہے ہیں ۔

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی نے اوپن اور فاصلاتی نظام کے تحت تمام نوٹیفائیڈ پروگراموں کیلئے داخلے کی تاریخ 31مارچ2025تک بڑھا دی ہے۔ تفصیلات rcsrinagar.ignou.ac.in یاignou.ac.in پر حاصل کی جا سکتی ہیں۔

امتحانات 2جون سے شروع ہوں گے-End دریں اثنا یونیورسٹی کے جون 2025کے ٹرم

سریکلچر

ڈائریکٹر سریکلچر جموں وکشمیر اعجازاحمد بٹ نے جمونمیں آج محکمے کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔میٹنگ کے دوران خطے مینضلع وار ،ابریشم کے سیکٹر میں مختلف سرگرمیوں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کے علاوہ شعبے میںآئندہ برسوں کیلئے حکمت عملیوں کا خاکہ کھینچا گیا۔

ڈائریکٹر موصوف نے جموں ڈویژن میں کرم کشی کو زیادہ عام کرنے کیلئے محکمے کی اسکیموں کے فوائد زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے پر زور دیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 20.2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت12.6ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل اختتام سحری5بجکر10منٹ پر جبکہ افطاری کا وقت6بجکر47منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ